© rasailojaraid.com

# ورلڈ میڈیا میں مسلم ٹی وی چینل کا قیام

لندن میں "وڈیو وژن انٹرنیشنل" کے نام سے ایک نیا نشریاتی ادارہ قائم ہوا ہے، جو سیٹلائیٹ ٹی وی چینل حاصل کر کے عالم اسلام کے بارے میں خصوصی پروگرام نشر کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ "وڈیو وژن انٹرنیشنل" کے ڈائریکٹر جنرل محمد سلیم مرزا بمبئی سے تعلق رکھتے ہیں اور سیٹلائیٹ میڈیا میں انہیں خصوصی تکنیکی مہارت اور تجربہ حاصل ہے۔ انہوں نے اپنے پروگرام کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ "وڈیو وژن انٹرنیشنل" ایک لیمٹڈ فرم کے طور پر لندن میں رجسٹرڈ ہوگئی ہے اور یہ ایک آزاد اور خودمختار نشریاتی ادارہ ہوگا جو اسلامی تعلیمات اور مسلم کلچر سے دنیا کو متعارف کرانے کے لیے مثبت اور معلوماتی پروگرام پیش کرے گا۔

انہوں نے کہا کہ ورلڈ میڈیا کے پروگراموں میں اسلام اور مسلمانوں کے بارے میں جو خلا اور کنفیوژن پایا جاتا ہے، اسے دور کرنے کی ضرورت ہے اور "وڈیو وژن انٹرنیشنل" اس سلسلہ میں ورلڈ اسلامک فورم کے تعاون سے تفصیلی پروگرام مرتب کر رہا ہے، جس میں دیگر تعلیمی، ثقافتی، تفریحی اور معلوماتی پروگراموں کے ساتھ ساتھ "ورلڈ مسلم نیوز" کے نام سے عالم اسلام کے حالات، سرگرمیوں اور خبروں سے دنیا کو باخبر رکھنے کا مستقل پروگرام بھی شامل ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ "وڈیو وژن انٹرنیشنل" اردو، عربی اور انگلش تین زبانوں میں پروگرام نشر کرے گا اور ہماری پوری کوشش ہوگی کہ ابتدائی تیاری اور گراؤنڈ ورک مکمل کر کے جلد از جلد نشریات کا آغاز کر دیا جائے۔

© rasailojaraid.com